۷۳) التوحید: محمد بن زیاد اور محمد بن ہشیار سے نقل ہے کہ: ایک شخص امام سجاد علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا: مجھے بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ کے معنی بتائیے۔

امامؑ نے فرمایا: میرے بابا (امام حسینؑ) نے اپنے بھائی امام حسنؑ سے اور اپنے بابا علی علیہ السلام سے حدیث نقل کی کہ ایک شخص آیا اور کہا: اے امیر المومنینؑ مجھے بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ کے معنی بتائیے

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: تمہارا یہ کہنا کہ اللہ تو اس کا مطلب ہے خدا کا سب سے بڑا نام اور ایسا نام کہ جو خدا کے علاوہ کسی پر رکھنا جائز نہیں ہے اور مخلوق میں سے کسی پر نہیں رکھتے۔

پھر اس شخص نے پوچھا: اللہ کی تفسیر کیا ہے؟

امامؑ نے فرمایا: وہ ایسی ذات ہے کہ ہر مخلوق اپنی محتاجی اور مشکلات میں اور جب غیر خدا سے امید ختم ہو جاتی ہے اور ہر دوسرا سبب کٹ جاتا ہے تو خدا کی طرف رجوع کرتے ہیں کیونکہ اس دنیا میں ہر بڑا آدمی جتنا ہی غنی اور نا فرمان ہو اور لوگوں کی ضرورتیں بھی اس کی طرف زیادہ ہوں پھر بھی لوگوں کے پاس ایسی ضرورتیں اور پریشانیاں ہیں جو یہ بڑا آدمی حل نہیں کر سکتا اور اس بزرگ اور بڑے آدمی کی بھی بہت سی ایسی ضرویات ہیں جو خود پوری نہیں کر سکتا۔ اسی لئے ضرورت اور پریشانی کے وقت خدا کی طرف رخ کرتا ہے تاکہ خدا اس کی ضرورت اور پریشانی کو دور کرے اور پھر یہ بزرگ آدمی خدا کے شرک کی طرف لوٹ کر آتا ہے۔

کیا تم نے نہیں سنا کہ خدا فرماتا ہے: آپ ان سے کہیے کہ تمہارا کیا خیال ہے کہ اگر تمہارے پاس عذاب یا قیامت آجائے تو کیا تم اپنے دعوے کی صداقت میں غیر خدا کو بلاؤ گے۔ نہیں تم خدا کو ہی پکارو گے اور وہی اگر چاہے تو اس مصیبت کو رفع کر سکتا ہے اور تم اپنے مشرکانہ خداؤں کو بھول جاؤ گے۔

پھر خدا نے اپنے بندوں کو کہا: اے میری رحمت کے محتاج بندو! ہر حالت میں، اپنی طرف محتاج ہونا اور بندگی کی ذلت ہر زمانے میں، تمہارے لئے میں نے ضروری کیا ہے، بس ہر اس کام کی شروعات میں جس کو انجام دینے کی امید رکھتے ہو اور آخر تک پہنچانے کی امید رکھتے ہو۔ تم مجھ سے پناہ مانگو کیونکہ اگر میں تمہیں دینا چاہوں تو میرے سوا کوئی اس کو چھیننے پر قدرت نہیں رکھتا اگر کوئی تمہیں نہ دینا چاہوں تو میرے سوا کوئی ایسا نہیں ہے جو دینے پر قدرت رکھتا ہو۔

---

[1] التوحید: ص231 ح5.

بس میں مانگنے کے زیادہ لائق ہوں اور میں زیادہ اس کے لائق ہوں کہ مجھے پکارا جائے اور بلایا جائے۔

بس تم ہر چھوٹے بڑے کام کی شروعات میں بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کہو، یعنی اس کام کے لئے اس خدا سے مدد مانگ رہا ہوں اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ ایسا خدا کہ جب اس سے مدد مانگی جائے تو مدد کرتا ہے اور جب دعا کی جائے تو قبول کرتا ہے ایسا بخشنے اور دینے والا ہے کہ جو ہم پر وسعت رزق سے رحم کرتا ہے ہمارا مہربان ہے ہمارے دین، دنیا اور آخرت میں، اس نے ہمارے اوپر دین کو آسان کر کے پیش کیا، اور وہ ایسا خدا ہے جس نے ہمیں اپنے دشمنوں سے دور کر کے ہم پر رحمت نازل کی۔

پھر بات آگے بڑھا کر کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو پریشان کرنے والی مشکل پیش آئے (اگر وہ) خلوصِ نیت سے بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کہے تو وہ دو حالت سے خالی نہیں ہوگا۔ یا اس کو دنیا میں ایسی حاجت مل جائے گی یا وہ اپنی حاجت لے کر خدا کے پاس حساب کے لئے آئے گا اور اس کی حاجت محفوظ ہوگی۔ البتہ جو کچھ خدا کے ہاں ہے وہ مومنین کے حق میں بہتر ہے۔

1/5

ما يوجِبُ مَحَبَّةَ اللهِ

بندوں کا محبوب خدا ہے

38. الأمالی بإسناده عن الحسين بن علیّ عن علیّ بن أبی أوحَى اللهُ عز و جل إلى نَجِيِّهِ[1] موسَى بنِ عِمرانَ عليه السلام: يا موسى، أحِبنی وحَبِّبنی إلى خَلقی. قالَ: يا رَبِّ إنّی اُحِبُّكَ، فَكَيفَ اُحَبِّبُكَ إلى خَلقِكَ؟ قالَ: أذكُر لَهُم نَعمائی عَلَيهِم وبَلائی[2] عِندَهُم، فَإِنَّهُم لا يَذكُرونَ. أو[3] لا يَعرِفونَ. مِنّی إلّا كُلَّ خَيرٍ[4]

---

[1] النجیّ: هو المُناجی (النهاية: ج5 ص25 «نجا»).

[2] يحتمل أن يكون لفظ «بلائی» تصحيف «آلائی» الذی هو بمعنى النعمة، ويحتمل أن يكون المراد إنزال البلاء لا نفس البلاء، بمعنى أنه تعالى وإن كان من حقّه إنزال البلاء بسبب مساوء العباد، إلّا أنّه لا ينزله بهم.

[3] فی المصدر: «إذ»، والتصويب من بحار الأنوار.

[4] الأمالی للطوسی: ص484 ح1058 عن أيّوب بن نوح بن درّاج عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج70 ص18 ح12.

۳۸) امالی، شیخ طوسی کی سند سے امام حسین علیہ السلام سے اور امام علی علیہ السلام سے ہے کہ: خدا نے اپنے محرم راز موسی بن عمران پر وحی نازل کی: اے موسیٰؑ! مجھ سے محبت کرو اور مجھے لوگوں کا محبوب بناؤ۔

موسیٰؑ نے کہا: میرے خدا! میں تو تجھ سے محبت کرتا ہوں۔ لیکن تجھے لوگوں کا محبوب کیسے بناؤں؟

خدا نے فرمایا: ان کو میری نعمتیں اور میری طرف سے آنے والی مشکلات یاد دلاؤ، اگر ایسے کرو گے تو وہ مجھے یاد نہیں کریں گے یا نہیں پہنچائیں گے سوائے نیکی کے۔

1/6

المَعرِفَةُ الشُّهودِيَّةُ

شہودی معرفت

39. كفاية الأثر بإسناده عن الحسين بن عليّ عليه السلام كفاية الأثر بإسناده عن الحسين بن عليّ عليه السلام [1] : سُئِلَ أميرُ المُؤمِنينَ عليه السلام فَقيلَ لَهُ: يا أخا رَسولِ اللهِ، هَل رَأَيتَ رَبَّكَ؟ فَقالَ: و كَيفَ أعبُدُ مَن لَم أرَهُ! لَم يَرَهُ العُيونُ بِمُشاهَدَةِ العِيانِ، ولكِن رَأَتهُ القُلوبُ بِحَقائِقِ الإيمانِ، وإذا كانَ المُؤمِنُ يرى رَبَّهُ بِمُشاهَدَةِ البَصَرِ، فَإِنَّ كُلَّ مَن جازَ عَلَيهِ البَصَرُ [2] وَالرُّؤيَةُ فَهُوَ مَخلوقٌ، ولابُدَّ لِلمَخلوقِ مِنَ الخالِقِ، فَقَد جَعَلتَهُ إذا مُحدَثا مَخلوقا، ومَن شَبَّهَهُ بِخَلقِهِ فَقَدِ اتَّخَذَ مَعَ اللهِ شَريكا. وَيلَهُم! أوَلَم يَسمَعوا يَقولُ اللهُ تَعالى: «لا تُدرِكُهُ الأَبصَرُ وَهُوَ يُدرِكُ الأَبصَرَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الخَبِيرُ» [3]، وقَولَهُ: «لَن تَرَانِي وَلَكِنِ انظُرْ إِلَى الجَبَلِ فَإِنِ استَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوفَ تَرَانِي فَلَمَّا تَجَلَّى رَبُّهُ لِلجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا» [4]؛ وإنَّما طَلَعَ مِن نورِهِ عَلَى الجَبَلِ كَضَوءِ يَخرُجُ مِن سَمِّ الخِياطِ، فَدَكدَكَتِ الأَرضُ وصَعِقَتِ الجِبالُ، «وَخَرَّ مُوسَى صَعِقًا» أي مَيِّتا «فَلَمَّا أفاقَ» ورُدَّ عَلَيهِ روحُهُ «قالَ: سُبحَنَكَ تُبتُ إلَيكَ» مِن قَولِ مَن زَعَمَ أنَّكَ تُرى، ورَجَعتُ إلى مَعرِفَتي بِكَ أنَّ الأَبصارَ لا تُدرِكُكَ «وَأَنَا أَوَّلُ

---

[1] ذكر في هامش المصدر أنّ في بعض النسخ: «عن الحسن بن عليّ».

[2] في المصدر: «فإن كان من حاز عليه البصر»، والتصويب من بحار الأنوار.

[3] الأنعام: 103.

[4] الأعراف: 143.

الْمُؤْمِنِينَ، وأوّلُ المُقِرّينَ بِأنَّكَ تَرى ولا تُرى، وأنتَ بِالمَنظَرِ الأعلى [1]

۳۹) کفایۃ الاثر کی، سند سے امام حسین علیہ السلام سے نقل ہے: علی علیہ السلام سے پوچھا گیا: اے اللہ کے نبیؐ کے بھائی، کیا تم نے اپنے خدا کو دیکھا ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: کیسے ایسے خدا کی عبادت کرسکتا ہوں جس کو میں نے نہ دیکھا ہو؟ اس کو یہ محسوس آنکھیں نہیں دیکھ سکتی بلکہ خدا کو حقائق ایمان کے ساتھ دیکھ سکتے ہیں، اگر مومن خدا کو سروالی آنکھوں سے دیکھتے تو وہ مخلوق ہے (نہ خالق) کیونکہ جس کو آنکھ سے دیکھا جائے وہ مخلوق کی صفت ہے اور ہر مخلوق کے لئے خالق کا ہونا ضروری ہے۔ بس خدا کو تو نے مخلوق اور پیدا ہونے والا بنادیا اور جو بھی خدا کو مخلوق کی طرح سمجھے، اس نے خدا کا شریک بنایا ہے۔ ایسے لوگوں پر ویل ہو، کیا انہوں نے نہیں سنا ہے کہ خدا فرماتا ہے:

وَلَمَّا جَآءَ مُوسٰى لِمِيقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِیْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

''تو اس کے بعد جب موسیٰؑ ہمارا وعدہ پورا کرنے کے لئے آئے اور ان کے رب نے ان سے کلام کیا تو انہوں نے کہا کہ پروردگار مجھے اپنا جلوہ دکھادے ارشاد ہوا تم ہرگز مجھے نہیں دیکھ سکتے ہو البتہ پہاڑ کی طرف دیکھو اگر یہ اپنی جگہ پر قائم رہ گیا تو پھر مجھے دیکھ سکتے ہو۔ اس کے بعد جب پہاڑ پر پروردگار کی تجلی ہوئی تو پہاڑ چور چور ہوگیا اور موسیٰؑ بیہوش ہوکر گر پڑے پھر جب انہیں ہوش آیا تو کہنے لگے کہ پروردگارتو پاک و پاکیزہ ہے میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلا ایمان لانے والا ہوں''۔ [2]

اور اس نے اپنے نور سے پہاڑ پر اتنا جلوہ دکھایا کہ سوئی کے سوراخ سے گزرے۔ بس زمین دھنس گئی اور پہاڑلرز گئے اور موسیٰؑ بے ہوش ہوگئے اور جب ہوش میں آئے تو موسیٰؑ کہنے لگے: تو پاک و پاکیزہ، میری واپسی تیری طرف ہے یعنی اس کی بات جس نے گمان کیا کہ تو دیکھا جائے گا۔ میں تیرے پاس اپنی معرفت سے لوٹ کر آیا کہ آنکھیں تجھے نہیں دیکھ سکتیں اور میں ایمان لانے والوں میں سے پہلا ہوں اور اقرار کرنے والوں میں سے بھی پہلا ہوں

---

[1] کفایۃ الأثر: ص257عن ھشام عن الإمام الصادق عن آبائہ علیھم السلام. بحار الأنوار: ج4ص 54 ح 34.
[2] سورہ الاعراف، آیت۱۴۳۔

اور جو اقرار کرتے ہیں کہ تو دیکھتا ہے مگر تجھے نہیں دیکھا جاتا اور تو بلند نظر پر ہے۔

40.الإقبال عن الإمام الحسين عليه السلام فيما نُسِبَ إلَيهِ مِن دُعاءِ عَرَفَةَ: إلٰهي تَرَدُّدي فِي الآثارِ يُوجِبُ بُعدَ المَزارِ، فَاجمَعني عَلَيكَ بِخِدمَةٍ تُوصِلُني إلَيكَ، كَيفَ يُستَدَلُّ عَلَيكَ بِما هُوَ في وُجودِهِ مُفتَقِرٌ إلَيكَ، أيَكونُ لِغَيرِكَ مِنَ الظُّهورِ ما لَيسَ لَكَ، حَتّىٰ يَكونَ هُوَ المُظهِرَ لَكَ، مَتىٰ غِبتَ حَتّىٰ تَحتاجَ إلىٰ دَليلٍ يَدُلُّ عَلَيكَ، و مَتىٰ بَعُدتَ حَتّىٰ تَكونَ الآثارُ هِيَ الَّتي تُوصِلُ إلَيكَ، عَمِيَت عَينٌ لا تَراكَ عَلَيها رَقيبًا، وَخَسِرَت صَفقَةُ عَبدٍ لَم تَجعَل لَهُ مِن حُبِّكَ نَصيبًا، إلٰهي أمَرتَ بِالرُّجوعِ إلَى الآثارِ فَأرجِعني إلَيكَ بِكِسوَةِ الأنوارِ، وَهِدايَةِ الاِستِبصارِ، حَتّىٰ أرجِعَ إلَيكَ مِنها كَما دَخَلتُ إلَيكَ مِنها، مَصونَ السِّرِّ عَنِ النَّظَرِ إلَيها، وَمَرفوعَ الهِمَّةِ عَنِ الاِعتِمادِ عَلَيها، إنَّكَ عَلىٰ كُلِّ شَيءٍ قَديرٌ.

إلٰهي اُطلُبني بِرَحمَتِكَ حَتّىٰ أصِلَ إلَيكَ، وَاجذِبني بِمَنِّكَ حَتّىٰ اُقبِلَ عَلَيكَ...

إلٰهي عَلِمتُ بِاختِلافِ الآثارِ، وَ تَنَقُّلاتِ الأطوارِ، أنَّ مُرادَكَ مِنّي أن تَتَعَرَّفَ إلَيَّ في كُلِّ شَيءٍ، حَتّىٰ لا أجهَلَكَ في شَيءٍ....

أنتَ الَّذي أشرَقتَ الأنوارَ في قُلوبِ أولِيائِكَ حَتّىٰ عَرَفوكَ وَ وَحَّدوكَ، وَ أنتَ الَّذي أزَلتَ الأغيارَ عَن قُلوبِ أحِبّائِكَ حَتّىٰ لَم يُحِبّوا سِواكَ، وَلَم يَلجَؤوا إلىٰ غَيرِكَ، أنتَ المُونِسُ لَهُم حَيثُ أوحَشَتهُمُ العَوالِمُ، وَ أنتَ الَّذي هَدَيتَهُم حَيثُ استَبانَت لَهُمُ المَعالِمُ، ماذا وَجَدَ مَن فَقَدَكَ، وَمَا الَّذي فَقَدَ مَن وَجَدَكَ، لَقَد خابَ مَن رَضِيَ دونَكَ بَدَلًا، وَلَقَد خَسِرَ مَن بَغىٰ عَنكَ مُتَحَوِّلًا، كَيفَ يُرجىٰ سِواكَ وَأنتَ ما قَطَعتَ الإحسانَ، وَ كَيفَ يُطلَبُ مِن غَيرِكَ وَ أنتَ ما بَدَّلتَ عادَةَ الاِمتِنانِ؟...

وَ أنتَ الَّذي لا إلٰهَ غَيرُكَ تَعَرَّفتَ لِكُلِّ شَيءٍ فَما جَهِلَكَ شَيءٌ، وَ أنتَ الَّذي تَعَرَّفتَ إلَيَّ في كُلِّ شَيءٍ، فَرَأَيتُكَ ظاهِرًا في كُلِّ شَيءٍ، وَ أنتَ الظّاهِرُ لِكُلِّ شَيءٍ، يا مَنِ استَوىٰ بِرَحمانِيَّتِهِ فَصارَ العَرشُ غَيبًا في ذاتِهِ، مَحَقتَ الآثارَ بِالآثارِ، وَ مَحَوتَ الأغيارَ بِمُحيطاتِ أفلاكِ الأنوارِ، يا مَنِ احتَجَبَ في سُرادِقاتِ[1] عَرشِهِ عَن أن تُدرِكَهُ الأبصارُ، يا مَن تَجَلّىٰ بِكَمالِ بَهائِهِ، فَتَحَقَّقَت عَظَمَتُهُ مِنَ الاِستِواءِ، كَيفَ تَخفىٰ وَ أنتَ الظّاهِرُ، أم كَيفَ تَغيبُ وَأنتَ الرَّقيبُ الحاضِرُ، إنَّكَ عَلىٰ كُلِّ شَيءٍ

[1] السُّرادق: وهو كلّ ما أحاط بشيء من حائط أو مضرب أو خباء (النهاية: ج2 ص359 «سردق»).

قَدِیْر، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَحْدَہٗ.[1]

۴۰)الاقبال، امام حسین علیہ السلام سے دعائے عرفہ میں ہے۔

میرے اللہ کس قدر بندگی کا ارادہ کروں جب کہ تو غالب ہے اور کیونکر ارادہ نہ کروں جب کہ تو حکم دیتا ہے، میرے اللہ تیری قدرت کے آثار میں غور کرنا تیرے دیدار سے دوری کا سبب ہے پس مجھے اپنے حضور حاضر رکھ تیری سرکار میں پہنچ پاؤں کیونکر وہ چیز تیری طرف رہنمائی کر سکتی ہے جو اپنے وجود ہی میں تیری محتاج ہے آیا تیرے غیر کیلئے ایسا ظہور ہے جو تیرے لئے نہیں ہے یہاں تک کہ وہ تجھے ظاہر کرنے والا بن جائے تو کب غائب تھا کہ کسی ایسے نشان کی حاجت ہو جو تیری دلیل ٹھہرے اور تو کب دور تھا کہ آثار اور نشان تجھ تک پہنچانے کا ذریعہ و وسیلہ بنیں، اندھی ہے وہ آنکھ جو تجھ کو اپنا نگہبان نہیں پاتی اس بندے کا سودہ خسارے والا ہے جس کو تو نے اپنی محبت کا حصہ نہیں دیا میرے اللہ تو نے اپنی قدرت کے آثار پر توجہ کا حکم کیا پس مجھ کو اپنے نور کے پردوں اور بصیرت کے راستوں کی طرف لے چل، تا کہ اس کے ذریعے تیری درگاہ میں آؤں جس طرح انہی کے ذریعے تیری طرف راہ پائی، انہیں دیکھ کر راز حقیقت کی خبر پاؤں اور ان کے سہارے اپنی ہمت کو بلند کروں بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

میرے اللہ اپنی رحمت سے مجھ کو بلا لے تا کہ میں تیرے حضور پہنچ سکوں مجھے اپنی طرف کھینچ لے تا کہ تیری بارگاہ میں آسکوں۔

میرے اللہ دنیا کے حالات کی تبدیلیوں اور طریقوں کے تغیرات کے ذریعے میں جان گیا کہ تیری مراد یہ ہے کہ تو ہر چیز سے مجھے اپنی شناسائی کرائے تا کہ میں کسی چیز کے ضمن میں تیری قدرت سے ناواقف نہ رہوں۔

تو وہ ہے جس نے اپنے دوستوں کے دلوں کو نور کی شعاؤں سے روشن کر دیا تو انہوں نے تجھے پہچانا اور تجھے ایک مانا اور تو وہ ہے جس نے اپنے دوستوں کے دلوں سے غیروں کو دور کر دیا تو وہ سوائے تیرے کسی سے محبت نہیں رکھتے اور تیرے غیر کی پناہ نہیں لیتے جب زمانہ ان کو ہراساں کرے اس وقت تو ہی انکا ہمدم ہے اور تو وہ ہے جس نے ان کی رہنمائی کی جب وہ تیرے نشان و برھان سے دور ہوئے، اس نے کیا پایا جس نے تجھے کھویا اور اس نے کچھ نہ کھویا جس نے تجھ کو پایا اور یقینا ناکام ہوا جو تیری بجائے کسی اور کو پسند کرنے لگا اور وہ گھاٹے میں پڑا جو سرکشی کیساتھ تجھ سے پھر گیا کس طرح تیرے غیر سے امید رکھی جا سکتی ہے جبکہ تیرا احسان و کرم رکتا ہی نہیں اور کیونکر تیرے غیر سے سؤال کیا جا سکتا ہے جبکہ تیرے فضل و احسان کرنے کی عادت میں تبدیلی نہیں آتی۔

---

[1] الإقبال (طبعة دار الكتب الإسلامیّة): ص348. بحار الأنوار: ج98 ص225 ح3.

1/7

مَعرِفَةُ صِفاتِ اللهِ

صفاتِ خدا کی معرفت

41. التوحيد عن عكرمة عن الحسين بن عليّ عليه السلام: أَصِفُ إِلهي بِما وَصَفَ بِهِ نَفسَهُ، وأُعَرِّفُهُ بِما عَرَّفَ بِهِ نَفسَهُ؛ لا يُدرَكُ بِالحَواسِّ، ولا يُقاسُ بِالنّاسِ، فَهُوَ قَريبٌ غَيرُ مُلتَصِقٍ، وبَعيدٌ غَيرُ مُتَقَصٍّ، يُوَحَّدُ ولا يُبَعَّضُ، مَعروفٌ بِالآياتِ، مَوصوفٌ بِالعَلاماتِ، لا إلهَ إلّا هُوَ الكَبيرُ المُتَعالِ[1]

۴۱) التوحید میں عکرمہ نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ امامؑ نے فرمایا: میں اپنے خدا کی ایسے تعریف کرتا ہوں جیسے خود اس نے اپنی تعریف کی ہے اور اس کو ایسے پہچانتا ہوں جیسے اس نے خود کو پہچانا ہے وہ حواس کے ذریعے نہیں پہچانا جائے گا اور لوگوں کے ساتھ اس کا مقائیسہ نہیں کیا جائے گا۔ نزدیک ہے لیکن نہ یہ کہ متصل ہے دور ہے، لیکن نہ یہ کہ اس تک پہنچ ہے، اکیلا ہے اور جزء نہیں رکھتا۔ آیات (نشانیوں) سے پہچانا گیا ہے اور نشانیوں سے اس کی تعریف کی گئی ہے سوائے اس کے بڑا خدا کوئی نہیں ہے۔

42. تحف العقول عن الإمام الحسين عليه السلام: أَيُّهَا النّاسُ! اتَّقوا هؤُلاءِ المارِقَةَ[2] الَّذينَ يُشَبِّهونَ اللهَ بِأَنفُسِهِم، يُضاهِئونَ[3] قَولَ الَّذينَ كَفَروا مِن أَهلِ الكِتابِ، بَل هُوَ اللهُ لَيسَ كَمِثلِهِ شَيءٌ وهُوَ السَّميعُ البَصيرُ، لا تُدرِكُهُ الأَبصارُ وهُوَ يُدرِكُ الأَبصارَ وهُوَ اللَّطيفُ الخَبيرُ.

إستَخلَصَ الوَحدانِيَّةَ وَالجَبَروتَ، وأَمضَى المَشيئَةَ وَالإِرادَةَ وَالقُدرَةَ وَالعِلمَ بِما هُوَ كائِنٌ، لا مُنازِعَ لَهُ في شَيءٍ مِن أَمرِهِ، ولا كُفوَ لَهُ يُعادِلُهُ، ولا ضِدَّ لَهُ يُنازِعُهُ، ولا سَمِيَّ لَهُ يُشابِهُهُ، ولا مِثلَ لَهُ يُشاكِلُهُ.

---

[1] التوحيد: ص 80 ح 35، روضة الواعظين: ص 43 وفيه «منفصل» بدل «متقصّ»، تفسير العيّاشي: ج 2 ص 337 ح 64 عن يزيد بن رويان نحوه، بحار الأنوار: ج 4 ص 297 ح 24.

[2] المارقون: هم الّذين مرقوا من دين الله، ويمرقون من الدين: أي يجوزونه ويتعدّونه (مجمع البحرين: ج 3 ص 1689 «مرق»).

[3] المضاهأة بالهمزة: المضاهاة والمشاكلة. ضاهأت الرَّجُلَ وضاهيته أي: شابهتُه (تاج العروس: ج 1 ص 198 «ضهأ»).

لا تَتداوَلُهُ الأُمورُ، ولا تَجرى عَلَيهِ الأَحوالُ، ولا تَنزِلُ عَلَيهِ الأَحداثُ،

ولا يَقدِرُ الواصِفونَ كُنهَ عَظَمَتِهِ، ولا يَخطُرُ عَلَى القُلوبِ مَبلَغُ جَبَروتِهِ؛ لِأَنَّهُ لَيسَ لَهُ فِي الأَشياءِ عَديلٌ،

ولا تُدرِكُهُ العُلَماءُ بِأَلبابِها، ولا أهلُ التَّفكيرِ بِتَفكيرِهِم اِلاّ بِالتَّحقيقِ إيقانا بِالغَيبِ، لِأَنَّهُ لا يوصَفُ بِشَيءٍ مِن صِفاتِ المَخلوقينَ،

وهُوَ الواحِدُ الصَّمَدُ، ما تُصُوِّرَ فِي الأَوهامِ فَهُوَ خِلافُهُ.

لَيسَ بِرَبٍّ مَن طُرِحَ تَحتَ البَلاغِ، ومَعبودٍ مَن وُجِدَ فى هَواءٍ أو غَيرِ هَواءٍ، هُوَ فِي الأَشياءِ كائِنٌ لا كَينونَةَ مَحظورٍ بِها عَلَيهِ، ومِنَ الأَشياءِ بائِنٌ لا بَينونَةَ غائِبٍ عَنها.

لَيسَ بِقادِرٍ مَن قارَنَهُ ضِدٌّ أو ساواهُ نِدٌّ. لَيسَ عَنِ الدَّهرِ قِدَمُهُ،

ولا بِالنّاحِيَةِ أَمَمُهُ، احتَجَبَ عَنِ العُقولِ كَمَا احتَجَبَ عَنِ الأَبصارِ، وعَمَّن فِي السَّماءِ احتِجابُهُ كَمَن فِي الأَرضِ. قُربُهُ كَرامَتُهُ، وبُعدُهُ إهانَتُهُ.

لا تَحُلُّهُ فى، ولا تُوَقِّتُهُ إذ، ولا تُؤامِرُهُ إن. عُلُوُّهُ مِن غَيرِ تَوَقُّلٍ [1]، ومَجيؤُهُ مِن غَيرِ تَنَقُّلٍ. يوجِدُ المَفقودَ،

ويُفقِدُ المَوجودَ. ولا تَجتَمِعُ لِغَيرِهِ الصِّفَتانِ فى وَقتٍ. يُصيبُ الفِكرُ مِنهُ الإِيمانَ بِهِ مَوجودا، ووُجودُ الإِيمانِ لا وُجودُ صِفَةٍ. بِهِ توصَفُ الصِّفاتُ لا بِها يوصَفُ، وبِهِ تُعرَفُ المَعارِفُ لا بِها يُعرَفُ. فَذلِكَ اللهُ لا سَمِيَّ لَهُ، سُبحانَهُ لَيسَ كَمِثلِهِ شَيءٌ وهُوَ السَّميعُ البَصيرُ [2]

۴۲) تحف العقول میں امام حسین علیہ السلام سے نقل ہے کہ: اے لوگو! ان لوگوں سے جو خدا کے دین سے باہر اور خدا کو خود کی طرح سمجھ رہے ہیں اور اہل کتاب کی کافروں کی طرح باتیں کرتے ہیں، بچو، کیونکہ خدا کا کوئی بھی مثل نہیں ہے اور وہ سننے اور دیکھنے والا ہے اس کی آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں اور وہ آنکھوں کو دیکھ سکتا ہے اور وہ باریک بین بھی ہے تو باخبر بھی ہے اس نے وحدانیت اور عظمت کو اپنے ساتھ مخصوص کیا ہے اور مشیت، ارادے، قدرت اور علم کو کائنات کے ساتھ ثابت کیا ہے کوئی بھی اس کے کام میں ہاتھ بانٹنے والا نہیں ہے اور نہ ہی اس کے کوئی برابر ہے جو برابری کرے اور

---

[1] التَّوقُّل: الإسراع فى الصعود (النهاية: ج5 ص216 «وقل»).

[2] تحف العقول: ص244، بحار الأنوار: ج4 ص301 ح29.

نہ ہی اس کے مقابلے میں کوئی ہے جو اختلاف کر سکے اور نہ اس کے ہم نام کوئی ہے جس کے ساتھ شباہت رکھے نہ ہی اس کا کوئی مثل ہے جس جیسا ہو، اس پر مختلف حالات نہیں آتے اور نہ ہی تعریف کرنے والے اس کی عظمت کی گہرائی تک پہنچ سکتے ہیں اور دلوں پر اس کی جلالت کی حد گذر نہیں سکتی ، کیونکہ اس کے مرتبے اور برابری میں کوئی چیز نہیں اور علماء اپنی عقل سے اہل فکر اپنی فکر سے سوا تحقیق اور غیب پر ایمان رکھنے کے اس تک نہیں پہنچ سکتے کیونکہ خدا مخلوق کی کسی بھی صفت سے موصوف نہیں ہوتا اور خدا اکیلا اور بے نیاز ہے اور جو اذہاں میں آجائے وہ خدا نہیں اس کے علاوہ کوئی اور ہے۔ اور جو فضاء یا غیر فضا میں سما جائے وہ معبود نہیں ہوسکتا، وہ اشیاء میں ہے لیکن نہ یہ کہ اشیاء میں مسخر ہے اور وہ اشیاء سے جدا ہے لیکن نہ یہ کہ وہ اشیاء سے غائب ہے۔ قدرت مند وہ نہیں ہے جس کے برابر میں ضد ہو اور کوئی شریک ہو۔ زمانے سے آگے نہیں ہے اور اس کے قصد کا معنی یہ نہیں ہے کہ ادھر ادھر توجہ نہیں ہے۔ عقلوں سے پوشیدہ ہے جس طرح آنکھوں سے پوشیدہ ہے اور آسمانوں والوں کی نظر ہے اسے غائب ہے جیسے زمین والوں کی نظر ہے۔ اس کی نزدیکی اس کی کرامت ہے اور دوری اس کی اہانت ہے۔ نہ اس میں مکان کی گنجائش ہے نہ وہ زمانے میں محدود ہوسکتا ہے اور نہ ہی شرط قبول کرتا ہے اس کی بلندی بغیر اوپر جانے کے لئے ہے لیکن تبدیل نہیں ہونا ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف، ختم ہونے والی چیز کو ہونا بنا دیتا ہے اور یہ دو صفات سوائے خدا کے ایک زمانے اور وقت میں ساتھ نہیں آسکتیں۔ عقل یقین تک اس کے وجود تک پہنچتی ہے لیکن اس کے وجود پر یقین، اس کی کیفیت پر نہیں پہنچ سکتا۔ صفتوں کی تعریف اس کے ذریعے کی جاتی ہے نہ وہ صفات کے ذریعے اور معرفتیں اس کے ذریعے پہچانی جاتی ہیں نہ وہ ان کے ذریعے، یہ وہ خدا ہے جس کا ہم نام نہیں، پاک اور بے مثل سننے اور دیکھنے والا ہے۔

43. تفسیر العیّاشی عن یزید بن رویان: دَخَلَ نافِعُ بنُ الأَزرَقِ[1] المَسجِدَ الحَرامَ وَالحُسَینُ بنُ عَلِیٍّ علیہ السلام مَعَ عَبدِ اللهِ بنِ عَبّاسٍ جالِسانِ فِی الحِجرِ، فَجَلَسَ إلَیهِما ثُمَّ قالَ: یَابنَ عَبّاسٍ، صِف لی إلهَكَ الَّذی تَعبُدُهُ. فَأَطرَقَ ابنُ عَبّاسٍ طَویلاً مُستَبطِئًا بِقَولِهِ، فَقالَ لَهُ الحُسَینُ علیہ السلام: إلَیَّ یَابنَ الأَزرَقِ المُتَوَرِّطِ فِی الضَّلالَةِ، المُرتَكِسِ[2] فِی الجَهالَةِ، أُجیبُكَ عَمّا سَأَلتَ عَنهُ. فَقالَ: ما إیّاكَ

---

[1] نافع بن الأزرق، من رؤساء الخوارج، وكان مصاحبا لابن عبّاس في مكّة، فسأله عن بعض الآيات التي كان يتوهّم اختلافها.

[2] في الطبعة المعتمدة: «المرتكن»، والتصويب من طبعة مؤسّسة البعثة وبحار الأنوار.

سَأَلتُ فتُجيبَنی! فَقالَ لَهُ ابنُ عَبّاسٍ: مَهْ عَنِ[1] ابنِ رَسولِ اللهِ، فَإِنَّهُ مِن أهلِ بَيتِ النُّبُوَّةِ ومَعدِنِ الحِكمَةِ[2] فَقالَ لَهُ: صِف لی. فَقالَ لَهُ: أَصِفُهُ بِما وَصَفَ بِهِ نَفسَهُ، وأُعَرِّفُهُ بِما عَرَّفَ بِهِ نَفسَهُ: لا يُدرَكُ بِالحَواسِّ، ولا يُقاسُ بِالنّاسِ، قَريبٌ غَيرُ مُلتَزِقٍ، وبَعيدٌ غَيرُ مُقصیً[3]، يُوَحَّدُ ولا يَتَبَعَّضُ، لا إلهَ إلّا هُوَ الكَبيرُ المُتَعالِ. قالَ: فَبَكَى ابنُ الأَزرَقِ بُكاءً شَديدا، فَقالَ لَهُ الحُسَينُ علیه السلام: ما يُبكيكَ؟ قالَ: بَكَيتُ مِن حُسنِ وَصفِكَ. قالَ: يَابنَ الأَزرَقِ، إنّی اُخبِرتُ أنَّكَ تُكَفِّرُ أبی وأخی وتُكَفِّرُنی! قالَ لَهُ نافِعٌ: لَئِن قُلتُ ذاكَ لَقَد كُنتُمُ الحُكّامَ ومَعالِمَ الإِسلامِ، فَلَمّا بُدِّلتُم استَبدَلنا بِكُم. فَقالَ لَهُ الحُسَينُ علیه السلام: يَابنَ الأَزرَقِ، أسأَلُكَ عَن مَسأَلَةٍ فَأَجِبنی عَن قَولِ اللهِ لا إلهَ إلّا هُوَ: «وَ أَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَمَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي الْمَدِينَةِ وَ كَانَ تَحْتَهُ كَنزٌ لَّهُمَا» إلى قَولِهِ «كَنزَهُمَا» مَن حُفِظَ فيهِما؟ [قالَ: أبوهُما][4] قالَ: فَأَيُّهُما أفضَلُ، أبوهُما[5] أم رَسولُ اللهِ صلی الله علیه وآله وفاطِمَةُ؟ قالَ: لا، بَل رَسولُ اللهِ وفاطِمَةُ بِنتُ رَسولِ اللهِ صلی الله علیه وآله. قالَ: فَما حَفِظَهُما حَتّى حيلَ[6] بَينَنا وبَينَ الكُفرِ. فَنَهَضَ [ابنُ الأَزرَقِ][7] ثُمَّ نَفَضَ بِثَوبِهِ، ثُمَّ قالَ: قَد نَبَّأَنَا اللهُ عَنكُم مَعشَرَ قُرَيشٍ أنتُم قَومٌ خَصِمونَ[8]

۴۳) تفسیر عیاشی میں یزید بن رویان سے نقل ہے: نافع بن ازرق مسجد الحرام میں داخل ہوا۔ امام حسین علیہ السلام عبداللہ بن عباس کے ساتھ حجر (اسماعیل) میں بیٹھے تھے۔ ان کے ساتھ بیٹھ کر کہنے لگا: اے ابن عباس! جس خدا کی تم عبادت کرتے ہو، اس کی مجھے تعریف بتاؤ۔

ابن ازرق کی اس بات کو سن کر ابن عباس کچھ دیر تک فکر کرنے لگا۔

امام حسین علیہ السلام نے ابن ازرق سے فرمایا: اے ابن ازرق: اے گمراہی میں گم شخص اور جہالت میں غرق!

---

[1] في بحار الأنوار: «سَل» بدل «عن».
[2] في الطبعة المعتمدة: «ومعه من الحكمة»، والتصويب من طبعة مؤسّسة البعثة.
[3] في الطبعة المعتمدة: «مقص»، والتصويب من طبعة مؤسّسة البعثة.
[4] ما بين المعقوفين سقط من الطبعة المعتمدة وأثبتناه من طبعة مؤسّسة البعثة وبحار الأنوار.
[5] في الطبعة المعتمدة: «أبويهما»، والتصويب من طبعة مؤسّسة البعثة وبحار الأنوار.
[6] في بحار الأنوار: «فما حُفِظنا حتّى حال...».
[7] ما بين المعقوفين أثبتناه من بحار الأنوار.
[8] تفسير العيّاشي: ج 2 ص 337 ح 64، التوحيد: ص 80 ح 35، روضة الواعظين: ص 43 كلاهما عن عكرمة نحوه وليس فيهما ذيله من «فبكى»، بحار الأنوار: ج 33 ص 423 ح 631؛ تاريخ دمشق: ج 14 ص 183 عن عكرمة نحوه.

میری طرف آجا، تاکہ جو تو نے پوچھا ہے اس کا تجھے جواب دوں۔

ابن ازرق کہنے لگا: میں نے تم سے نہیں پوچھا ہے کہ تم جواب دو۔

ابن عباس نے اسے کہا: چپ ہوجا کہ رسولؐ کے نواسے سے پوچھ جو نبوت کے خاندان سے اور حکمت کی کان ہے۔

نافع نے امامؑ سے کہا (خدا کی) صفت وتعریف مجھے بتایئے؟

امامؑ نے فرمایا: اس کی ایسے تعریف کروں گا جیسے اس نے خود کی تعریف کی ہے۔ اور ایسے اس کا تعارف کرواؤں گا جیسے اس نے خود تعارف کروایا ہے۔ خدا حواس سے سمجھا نہیں جاسکتا نہ ہی لوگوں سے اس کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے نزدیک ہے لیکن نہ چپکا ہوا اور دور ہے لیکن اس تک پہنچ ہے۔ اکیلا ہے جزء جزء نہیں ہوسکتا، اس کے علاوہ کوئی اور خدا نہیں ہے۔

ابن ازرق بہت رونے لگا: امام حسین علیہ السلام نے اس سے پوچھا: کیوں رو رہے ہو؟

اس نے جواب دیا: تمہارے بہترین وصف کرنے سے رونا آگیا۔

امامؑ نے فرمایا: اے ازرق کے بیٹے! مجھے پتہ چلا ہے کہ تو میرے بابا، بھائی اور خود میرا انکار کرتا ہے؟

نافع نے کہا: اگرچہ میں ایسے کہتا تھا (لیکن ابھی کہتا ہوں) آپ اسلام کے حاکم اور اس کی نشانی ہیں کیونکہ جب آپ لوگوں کی جگہ دوسروں کو بٹھا دیا گیا تو ہم نے بھی ایسے ہی گمان کیا۔

امام حسین علیہ السلام نے اسے فرمایا: ازرق کے بیٹے، تجھ سے ایک سوال پوچھتا ہوں، مجھے خدا کے اس ارشاد کا جواب دو جو اس نے فرمایا: ایک دیوار تھی، اسی شہر میں دو یتیم بچے تھے جن کا خزانہ تھا اس دیوار کے نیچے۔ یہاں تک فرمایا کہ ان دو کا خزانہ (خدا) نے، ان دو بچوں کا خزانہ کس کے لئے محفوظ کیا؟

ابن ازرق نے کہا: ان کے باپ کے لئے، جو نیک آدمی تھا۔

امامؑ نے فرمایا: ان میں سے کون افضل ہے؟

ان کا باپ یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور فاطمہؑ؟

ابن ازرق نے کہا: ایسے نہیں بلکہ نبی اکرمؐ اور ان کی بیٹی فاطمہؑ (افضل ہیں)

پھر امامؑ نے فرمایا: (قریش نے ہمارے بارے میں) ان دو کا بھی احترام نہ کیا، یہاں تک کہ ہمیں کافر سمجھنے لگے۔

ابن ازرق اٹھ کر اپنے لباس کو جھاڑا اور پھر کہا: اے قوم قریش! تمہارے بارے میں خدا نے خبر دی ہے کہ تم ظالم قوم ہو۔

1/8

تَفسيرُ صِفَةِ الصَّمَدِ

صفت (صَمَد) کی معنی

44.التوحيد عن وهب بن وهب القرشى عن الصادق جعفر بن مح: إنَّ أهلَ البَصرَةِ كَتَبوا إلَى الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام يَسأَلونَهُ عَنِ الصَّمَدِ، فَكَتَبَ إلَيهِم: بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ، أمّا بَعدُ فَلا تَخوضوا فِي القُرآنِ، ولا تُجادِلوا فيهِ، ولا تَتَكَلَّموا فيهِ بِغَيرِ عِلمٍ، فَقَد سَمِعتُ جَدّي رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ: «مَن قالَ فِي القُرآنِ بِغَيرِ عِلمٍ فَليَتَبَوَّأ مَقعَدَهُ مِنَ النّارِ». وإنَّ اللهَ سُبحانَهُ قَد فَسَّرَ الصَّمَدَ فَقالَ: «اللَّهُ أَحَدٌ * اللَّهُ الصَّمَدُ»، ثُمَّ فَسَّرَهُ فَقالَ: «لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ * وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ». لَم يَلِد: لَم يَخرُج مِنهُ شَيءٌ كَثيفٌ؛ كَالوَلَدِ وسائِرِ الأَشياءِ الكَثيفَةِ الَّتي تَخرُجُ مِنَ المَخلوقينَ، ولا شَيءٌ لَطيفٌ كَالنَّفسِ، ولا يَتَشَعَّبُ مِنهُ البَداواتُ كَالسِّنَةِ وَالنَّومِ، وَالخَطرَةِ وَالهَمِّ، وَالحُزنِ وَالبَهجَةِ، وَالضِّحكِ وَالبُكاءِ، وَالخَوفِ وَالرَّجاءِ، وَالرَّغبَةِ وَالسَّأمَةِ، وَالجوعِ وَالشِّبَعِ؛ تَعالى أن يَخرُجَ مِنهُ شَيءٌ، وأن يَتَوَلَّدَ مِنهُ شَيءٌ كَثيفٌ أو لَطيفٌ. ولَم يولَد: لَم يَتَوَلَّد مِن شَيءٍ، ولَم يَخرُج مِن شَيءٍ كَما يَخرُجُ الأَشياءُ الكَثيفَةُ مِن عَناصِرِها؛ كَالشَّيءِ مِنَ الشَّيءِ، وَالدّابَّةِ مِنَ الدّابَّةِ، وَالنَّباتِ مِنَ الأَرضِ، وَالماءِ مِنَ اليَنابيعِ، وَالثِّمارِ مِنَ الأَشجارِ، ولا كَما يَخرُجُ الأَشياءُ اللَّطيفَةُ مِن مَراكِزِها؛ كَالبَصَرِ مِنَ العَينِ، وَالسَّمعِ مِنَ الاُذُنِ، وَالشَّمِّ مِنَ الأَنفِ، وَالذَّوقِ مِنَ الفَمِ، وَالكَلامِ مِنَ اللِّسانِ، وَالمَعرِفَةِ وَالتَّمييزِ [1] مِنَ القَلبِ، وكَالنّارِ مِنَ الحَجَرِ. لا، بَل هُوَ اللهُ الصَّمَدُ الَّذي لا مِن شَيءٍ، ولا في شَيءٍ، ولا عَلى شَيءٍ، مُبدِعُ الأَشياءِ وخالِقُها، ومُنشِئُ الأَشياءِ بِقُدرَتِهِ، يَتَلاشى ما خَلَقَ لِلفَناءِ بِمَشِيَّتِهِ، ويَبقى ما خَلَقَ لِلبَقاءِ بِعِلمِهِ، فَذلِكُمُ اللهُ الصَّمَدُ الَّذي لَم يَلِد ولَم

---

[1] في المصدر: «والتميّز»، والتصويب من بحار الأنوار.

يولَد، عالِمُ الغَيبِ وَالشَّهادَةِ الكَبيرُ المُتعالِ، ولَم يَكُن لَهُ كُفُوا أحَدٌ[1]

۴۴) توحید میں وھب بن وھب قرشی نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ بصرے والوں نے امام حسین علیہ السلام کو خط لکھا اور انہوں نے صَمَد کے معنی پوچھے؟

امامؑ نے جواب میں لکھا: مہربان خدا کے نام سے، اس کے بعد، قرآن کے اندر چلے نہ جاؤ اور اس میں اختلاف نہ کرو اور بغیر علم کے قرآن کے بارے میں بحث نہ کرو۔ کیونکہ میں نے اپنے نانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ انہوں نے فرمایا:

جو شخص بغیر علم کے قرآن کے بارے میں کوئی بات کہے، تو اس کی جگہ جہنم ہے۔

اور خود خدا نے فرمایا: صَمَد کی تفسیر کی اور فرمایا ہے کہ خدا ایک ہے خدا بے نیاز ہے،

پھر کہا ہے: نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ہے اور نہ ہی کسی کو اس سے ولادت ہوئی ہے اور نہ ہی خدا کے کوئی مثل ہے نہیں جنا ہے یعنی جسم والی کوئی چیز مثلاً بچہ اور دوسرے اجسام جو مخلوقات سے پیدا ہوتے ہیں، خدا سے پیدا نہیں ہوئے اور نہ ہی بغیر جسم والی چیز مثلاً روح (اس سے پیدا ہوئی ہے) اور اسے نہ ہی اونگھ، نیند، ذہنی خیالات، غم، خوشی، ہنسنا، رونا، خوف، امید، رغبت، نفرت اور بھوک اور پیٹ بھر جانا، عارض ہوتے ہیں، خدا اس سے بلند ہے کہ کوئی چیز اس سے نکلے یا اس سے کوئی جسمانی یا لطیف چیز اس سے پیدا ہو، پیدا نہیں ہوا ہے یعنی کسی چیز سے پیدا نہیں ہوا ہے اور نہ ہی کسی چیز سے باہر آیا ہے۔ جس طرح اجسام اپنے عناصر سے باہر نکلتے ہیں جیسے ایک چیز دوسری چیز سے ایک حیوان دوسرے حیوان سے، گھاس زمین سے، پانی چشموں سے، میوے درختوں سے، نہ اس طرح کہ لطیف اور نازک چیزیں اور بغیر جسم والی چیزیں اپنے مرکز سے باہر آتی ہیں جیسا کہ نظر (دیکھنا)، آنکھ سے، سننا کان سے، سونگھنا ناک سے، چکھنا منہ سے، بولنا زبان سے، معرفت اور پہچان دل سے، آگ پتھر سے، بالکل ایسے نہیں۔ بلکہ وہ تو بے نیاز خدا ہے جو نہ کسی چیز سے ہے نہ ہی کسی چیز میں ہے اور نہ ہی کسی چیز کے اوپر ہے بغیر کسی نقشے کے پیدا کرنے والا ہے اور اپنی قدرت سے پیدا کرنے والا ہے جو چیز اس نے فناء ہونے کے لئے پیدا کی ہے وہ اس کے ارادے سے فناء ہوجائے گی اور جو چیز باقی رہنے کے لئے پیدا کی ہے وہ اس کے علم کے ذریعے باقی رہ جائے گی، بس یہ صَمَد، خدا ہے جس نے نہ کسی کو جنا ہے نہ ہی وہ کسی سے پیدا ہوا ہے وہ غیب اور حضور سے باخبر اور بلند ہے جس کے برابر کوئی بھی نہیں ہے۔

---

[1] التوحيد: ص 90 ح 5. مجمع البيان: ج 10 ص 861 عن وهب بن وهب عن الإمام الصادق عن أبيه الباقر عليهما السلام. بحار الأنوار: ج3 ص223 ح14.

45.التوحيد بإسناده عن الحسين بن علیؑ: الصَّمَدُ الَّذى لا جوفَ لَهُ، وَالصَّمَدُ الَّذى قدِ انتهى سُؤدَدُهُ، وَالصَّمَدُ الَّذى لا يأكُلُ ولا يَشرَبُ، وَالصَّمَدُ الَّذى لا ينامُ، وَالصَّمَدُ الدّائِمُ الَّذى لَم يَزَل ولا يزالُ[1]

۴۵) کتاب التوحید میں ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: صمد یعنی بے نیاز۔ وہ کہ جسے نہ بھوک لگتی ہے نہ ہی پیاس۔ (ایسی صفات سے وہ بے نیاز ہے) یعنی وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

1/9

جَزاءُ المُوَحِّدِ

خدا کی وحدانیت کے قائل شخص کی جزاء

46.التوحيد بإسناده عن الحسينؑ: حَدَّثَني أبي عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍؑ قالَ: سَمِعتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقولُ: قالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: إنّي أنَا اللهُ لا إلهَ إلاّ أنَا فَاعبُدوني، مَن جاءَ مِنكُم بِشَهادَةِ أن لا إلهَ إلاَّ اللهُ بِالإِخلاصِ دَخَلَ في حِصني، ومَن دَخَلَ في حِصني أمِنَ مِن عَذابي[2]

۴۶) توحید میں امام حسین علیہ السلام سے ہے کہ: میرے بابا علی علیہ السلام نے ایک حدیث بتائی کہ: میں نے سنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدا کہتا ہے: فقط میں خدا ہوں، میرے علاوہ کوئی خدا نہیں۔ بس میری عبادت کرو، تم میں سے جو بھی آ کر خدا کی وحدانیت کی گواہی خلوص سے دے وہ میری پناہ میں آ گیا اور جو میری پناہ میں آ گیا وہ میرے عذاب سے بچ گیا۔

---

[1] التوحيد: ص 90 ح 3، معاني الأخبار: ص 7 ح 3 وليس فيه «الدائم» وكلاهما عن وهب بن وهب عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، مجمع البيان: ج 10 ص 861، بحار الأنوار: ج 3 ص 223 ح 12.

[2] التوحيد: ص 25 ح 22، عيون أخبار الرضاؑ: ج 2 ص 134 ح 1 كلاهما عن عبد السلام بن صالح أبي الصلت الهروي عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 49 ص 122 ح 3.

1/10

صِفَةُ العارِفِ

عارف کی صفت

47.جامع الأخبار: كانَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام إذا تَوَضَّأَ تَغَيَّرَ لَونُهُ، وَارتَعَدَت مَفاصِلُهُ، فَقيلَ لَهُ في ذلِكَ

فَقالَ: حَقٌّ لِمَن وَقَفَ بَينَ يَدَيِ اللهِ المَلِكِ الجَبّارِ أن يَصفَرَّ لَونُهُ، وتَرتَعِدَ مَفاصِلُهُ[1]

۴۷) جامع الاخبار میں ہے: جب امام حسین علیہ السلام وضو کرتے تھے تو ان کے چہرے کا رنگ تبدیل ہوجاتا تھا اورجسم کے اعضاء لرزنے لگتے تھے، جب اس کا سبب پوچھا گیا تو آپؑ نے فرمایا: جو آدمی اس خدا کی بارگاہ میں جارہا ہو جو ہر چیز کا مالک اور جبار ہے حق ہے کہ اس کے چہرے کا رنگ زرد ہوجائے اور اس کے اعضا کا ہر جوڑ لرزنے لگے۔

1/11

ما لَيسَ للهِ وما لَيسَ عِندَ اللهِ وما لا يَعلَمُهُ اللهُ

وہ چیز جو خدا نہیں رکھتا، نہیں جانتا اور اس کے پاس نہیں

48.التوحيد بإسناده عن الحسين بن علىّ بن أبي طالب على إنَّ يَهودِيّا سَأَلَ عَلِيَّ بنَ أبي طالِبٍ عليه السلام، فَقالَ: أخبِرني عَمّا لَيسَ للهِ، وعَمّا لَيسَ عِندَ اللهِ، وعَمّا لا يَعلَمُهُ اللهُ؟

فَقالَ عليه السلام: أمّا ما لا يَعلَمُهُ اللهُ عز و جل فَذلِكَ قَولُكُم يا مَعشَرَ اليَهودِ: إنَّ عُزَيرا ابنُ اللهِ، وَاللهُ لا يَعلَمُ لَهُ وَلَدا.

وأمّا قَولُكَ: ما لَيسَ للهِ، فَلَيسَ للهِ شَريكٌ، وقَولُكَ: ما لَيسَ عِندَ اللهِ، فَلَيسَ عِندَ اللهِ ظُلمٌ لِلعِبادِ.

---

[1] جامع الأخبار: ص166 ح397، وفي المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص14 «إنّ الحسن بن عليّ عليهما السلام».

فَقالَ اليَهودِيُّ: أنَا أشهَدُ أن لا إلهَ إلاَّ اللهُ، وأنَّ مُحَمَّدا رَسولُ اللهِ [1]

۴۸) کتاب التوحید سے امام حسین علیہ السلام سے نقل ہے: ایک یہودی شخص نے امام علی علیہ السلام سے پوچھا: مجھے وہ چیز بتایئے جو خدا نہیں رکھتا اور وہ چیز جو خدا کے پاس نہیں ہے اور جس چیز کا اس کو پتہ نہیں۔

امامؑ نے فرمایا: جس چیز کو خدا نہیں جانتا وہ تم یہودیوں کا عقیدہ ہے کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے، جو خدا تو اپنے بیٹے کے بارے میں نہیں جانتا۔

اور تمہارا سوال کہ کونسی چیز خدا کے پاس نہیں؟ (وہ یہ ہے کہ) خدا کے پاس کوئی شریک نہیں اور تیرا پوچھنا کہ خدا کے پاس کونسی چیز نہیں؟ خدا کے ہاں بندوں پر ظلم نہیں ہے

یہودی نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے علاوہ کوئی اور خدا نہیں اور محمدؐ، اللہ کے نبی ہیں۔

---

[1] التوحید: ص377 ح23 عن علیّ بن مهرویه القزوینی عن الإمام الرضا عن آبائه علیهم السلام، عیون أخبار الرضا علیه السلام: ج 2 ص 46 ح 172 و ج 1 ص 141 ح 40 عن داوود بن سلیمان الفرّا عن الإمام الرضا عن آبائه علیهم السلام، الأمالی للطوسی: ص275 ح527 عن الإمام الصادق عن آبائه علیهم السلام، بحار الأنوار: ج10 ص11 ح5.

الفصل الثّانی: الإيمان والإسلام

دوسری فصل: ایمان اور اسلام

2/1

مَعنَى الإيمانِ

ایمان کے معنی

49. الخصال بإسناده عن الحسين بن علیّ عن أبيه علیّ قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: الإيمانُ قَولٌ وعَمَلٌ[1]

۴۹) کتاب خصال میں امام حسین علیہ السلام سے اور امام علی علیہ السلام سے منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ایمان، گفتار اور کردار کا نام ہے۔

50. الأمالی بإسناده عن الحسين بن علیّ الشهيد عن أبيه قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: الإيمانُ قَولٌ مَقولٌ، وعَمَلٌ مَعمولٌ، وعِرفانُ العُقولِ[2]

۵۰) کتاب امالی شیخ مفید میں امام حسین علیہ السلام اور امام علی علیہ السلام سے منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ایمان، ایسا قول ہے جو اظہار کیا جائے اور ایسا عمل ہے جو کیا جائے اور عقلوں کی معرفت ہے۔

51. الخصال بإسناده عن الحسين بن علیّ عن علیّ بن أبی ط قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: الإيمانُ

---

[1] الخصال: ص 53 ح 68، عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 1 ص 228 ح 6 كلاهما عن أبي الصلت الهروی عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 49 ص 270 ح 13.

[2] الأمالی للمفيد: ص 275 ح 2، الأمالی للطوسی: ص 36 ح 39 كلاهما عن أبي الصلت الهروی عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 69 ص 67 ح 20.

مَعرِفَةٌ بِالقَلبِ، وإقرارٌ بِاللِّسانِ، وعَمَلٌ بِالأَركانِ [1] ، [2]

۵۱) کتاب خصال سے امام حسین علیہ السلام اور امام علی علیہما السلام سے نقل ہے : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایمان، دل کی معرفت، زبانی اقرار، اور اعضا و جوارح کے ذریعے عمل کا نام ہے۔

52.الأمالی بإسناده عن الحسين سبط رسول الله ﷺ حَدَّثَني أبِي الوَصِيُّ عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ عليه السلام قالَ: قالَ رَسولُ اللهِ ﷺ: الإيمانُ عَقدٌ بِالقَلبِ، ونُطقٌ بِاللِّسانِ، وعَمَلٌ بِالأَركانِ [3]

۵۲) امالی شیخ طوسی میں امام حسین علیہ السلام سے نقل ہے (نبیؐ کے) وصی اور وارث میرے بابا علی علیہ السلام نے مجھے بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایمان دلی یقین، زبانی گفتار اور اعضاء و جوارح کے ذریعے عمل انجام دینے کا نام ہے۔

2/2

الفَرقُ بَينَ الإِسلامِ وَالإِيمانِ

اسلام اور ایمان کے درمیان فرق

53.مروج الذهب بإسناده عن الحسين بن علي عليه السلام حَدَّثَني أبي عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ عليه السلام قالَ: قالَ رَسولُ اللهِ ﷺ: اُكتُب يا عَلِيُّ، قالَ: قُلتُ: وما أكتُبُ؟ قالَ لي: اُكتُب: بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ: الإِيمانُ ما وَقَرَتهُ القُلوبُ [4] وصَدَّقَتهُ الأَعمالُ، وَالإِسلامُ ما جَرى بِهِ اللِّسانُ وحَلَّت بِهِ المُناكَحَةُ [5]

---

[1] الأَركانُ: الجَوارِحُ (النهاية: ج2 ص260 «ركن»).

[2] الخصال: ص178 ح239 و ص179 ح241، عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج1 ص227 ح2، عوالی اللآلی: ج1 ص83 ح6 كلّها عن أبي الصلت الهروی عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، الأمالی للطوسی: ص448 ح1001 عن عليّ بن مهدی بن صدقة عن الإمام الرضا عن آبائه عنه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج69 ص64 ح11.

[3] الأمالی للطوسی: ص449 ح1004 عن أبي الصلت الهروی عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام و ص284 ح551 عن المنصوری عن عمّ أبيه عن الإمام الهادی عن آبائه عنه عليهم السلام نحوه وفيه «تصديق» بدل «عقد»، بحار الأنوار: ج69 ص69 ح24.

[4] في بحار الأنوار: «ما وقر في القلوب»، وهو الأنسب.

[5] مروج الذهب: ج4 ص171 عن أبيه عامة عن الإمام الهادی عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج50 ص208 ح22.

۵۴) مروج الذہب میں امام حسین علیہ السلام سے منقول ہے: میرے بابا علی علیہ السلام نے نقل کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی علیہ السلام! لکھو میں نے کہا کیا لکھوں؟ مجھے فرمایا: لکھو مہربان خدا کے نام سے، ایمان ایسی چیز ہے جو دلوں میں جگہ بنالے اور (نیک) کام اس کی تصدیق کریں اور اسلام یہ ہے کہ جو زبان پہ جاری ہوجائے اور جس کے ذریعے شادی اور نکاح کرنا حلال ہوجائے۔

2/3

أساسُ الإسلامِ

اسلام کی بنیاد

54.الأمالی عن أبي جعفر محمّد بن عليّ بن الحسين عن أب: لَمّا قَضى رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ مَناسِكَهُ مِن حَجَّةِ الوَداعِ، رَكِبَ راحِلَتَهُ وأنشَأَ يَقولُ: لا يَدخُلُ الجَنَّةَ إلاّ مَن كانَ مُسلِما. فَقامَ إلَيهِ أبو ذَرٍّ الغِفارِيُّ رحمه الله فَقالَ: يا رَسولَ اللهِ، ومَا الإِسلامُ؟ فَقالَ صلی اللہ علیہ وآلہ: الإِسلامُ عُريانٌ لِباسُهُ التَّقوى، وزينَتُهُ الحَياءُ، ومِلاكُهُ[1] الوَرَعُ، وجَمالُهُ الدّينُ، وثَمَرُهُ العَمَلُ الصّالِحُ، ولِكُلِّ شَيءٍ أساسٌ وأساسُ الإِسلامِ حُبُّنا أهلَ البَيتِ[2]

۵۴) امالی شیخ طوسی میں، امام باقرؑ نے امام زین العابدینؑ سے اور انہوں نے اپنے بابا سے: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع کے اعمال کو مکمل کر دیا تو اپنی سواری پر سوار ہوئے اور اس بات سے آغاز کیا۔ سوائے مسلمان کے کوئی جنت میں نہیں جائے گا۔

ابوذر غفاری اٹھ کر کہنے لگے: اے اللہ کے نبیؐ! اسلام کیا ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام (انسان کی طرح) بغیر لباس کے ہے، اس کا لباس، تقویٰ اور اس کی زینت حیاء اور اس کی بنیاد تقویٰ اور خوبصورت اطاعت اس کا ثمرہ نیک ہے، اور ہر چیز کی بنیاد ہے اور اسلام کی بنیاد ہم اہل

---

[1] ملاكُ الأمرِ: ما يقوم به (الصحاح: ج4 ص1611 «ملك»).

[2] الأمالی للطوسی: ص 84 ح 126، بشارة المصطفى: ص 92 كلاهما عن جابر بن يزيد، بحار الأنوار: ج 68 ص 379 ح 27؛ كنز العمّال: ج 11 ص 539 ح 32523 نقلاً عن ابن النجّار وفيه «الإسلام عريان، فلباسه الحياء وزينته الوفاء ومروءته العمل الصالح وعماده الورع ولكل...»، وراجع: تحف العقول: ص 307.

بیت علیہم السلام کی محبت ہے۔

2/4

غُربَةُ الإسلامِ

غربت اسلام

55.كمال الدين بإسناده عن الحسين بن عليّ عن أبيه عليّ قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: إنَّ الإسلامَ بَدَأَ غَريبا وسَيَعودُ غَريبا كَما بَدَأَ، فَطوبى لِلغُرَباءِ[1]

۵۵) کمال الدین میں امام حسین علیہ السلام سے اورانہوں نے امام علی علیہ السلام سے ہے کہ: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام کی شروعات غربت سے ہوئی ہے اورعنقریب دوبارہ غریب ظاہر ہوجائے گا جس طرح شروع میں تھا، بس خوشا بحال اسلام کے غریبوں پر۔

2/5

عَلامَةُ حُسنِ إسلامِ المُسلِمِ

مسلمانوں کے بہترین اسلام ہونے کی نشانی

56.مسند ابن حنبل عن شعيب بن خالد عن حسين بن عليّ عن عليّ قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: إنَّ مِن حُسنِ إسلامِ المَرءِ قِلَّةَ الكَلامِ فيما لا يَعنيهِ[2]

۵۶) مسند بن حنبل میں شعیب بن خالد نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک انسان کے اسلام کی اچھائی یہ ہے کہ ان چیزوں میں گفتگو نہ کرے جو مقصد والی نہیں ہیں۔

57.مسند ابن حنبل عن ابن شهاب عن عليّ بن الحسين عن أب قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: مِن

---

[1] كمال الدين: ص 201 ح 45 عن الحسن بن عليّ بن فضّال عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج2 ص 202 ح 1 عن الحسن بن الجهم عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج52 ص 191 ح 23 وراجع: صحيح مسلم: ج1 ص 130 ح 232.

[2] .مسند ابن حنبل: ج1 ص 429 ح 1732.

حُسنِ إسلامِ المَرءِ تَركُهُ ما لا يَعنيهِ[1]

۵۷) مسند ابن حنبل میں ابن شہاب نے امام زین العابدینؑ سے نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک انسان کے اسلام کی اچھائی یہ ہے کہ ایسے کام نہ کرے جو بامقصد نہیں ہیں۔

2/6

ما بِهِ ثَباتُ الإيمانِ

ایمان کی مضبوطی کا سبب

58.الأمالی بإسناده عن الحسين[2] بن علیّ علیه السلام الأمالی بإسناده عن الحسين[3] بن علیّ علیه السلام:
سُئِلَ أميرُ المُؤمِنينَ عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ عليه السلام: ما ثَباتُ الإيمانِ؟ فَقالَ: الوَرَعُ، فَقيلَ لَهُ: ما زَوالُهُ؟ قالَ: الطَّمَعُ[4]

۵۸) امالی شیخ طوسی میں امام حسین علیہ السلام سے نقل ہے کہ: علی علیہ السلام سے پوچھا گیا: ایمان کی مضبوطی کا سبب کونسی چیز ہے؟ آپؑ نے فرمایا: تقویٰ: پھر فرمایا: اس کا زوال کس چیز کے ذریعے ہے؟ تو فرمایا: لالچ۔

2/7

عَلامَةُ كَمالِ الإيمانِ

مکمل ایمان کی نشانیاں

59.الخصال عن فاطمة بنت الحسين بن علیّ عن أبيها عليه قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: ثَلاثٌ

---

[1] مسند ابن حنبل: ج 1 ص 429 ح 1737، المعجم الكبير: ج 3 ص 128 ح 2886، المعجم الأوسط: ج 8 ص 202 ح 8402، المعجم الصغير: ج 2 ص 111، مسند الشهاب: ج 1 ص 145 ح 194، تاريخ دمشق: ج 7 ص 41 ح 1601، الذرّيّة الطاهرة: ص 109 ح 144 كلّها عن الزهری؛ كشف الغمّة: ج 2 ص 273.

[2] فی بعض نسخ المصدر: «الحسن» بدل «الحسين».

[3] الأمالی للصدوق (طبعة مؤسّسة الأعلمی): ص 238 ح 11 عن عبد الله بن سنان عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 70 ص 305 ح 23.

[4] الخصال: ص 105 ح 66، الأمالی للطوسی: ص 603 ح 1248، بحار الأنوار: ج 71 ص 359 ح 4.

خِصالٍ مَن كُنَّ فيهِ استَكمَلَ خِصالَ الإيمانِ: الَّذى إذا رَضِىَ لَم يُدخِلهُ رِضاهُ فى إثمٍ ولا باطِلٍ، وإذا غَضِبَ لَم يُخرِجهُ الغَضَبُ مِنَ الحَقِّ، وإذا قَدَرَ لَم يَتعاطَ ما لَيسَ لَهُ[1]

۵۹) خصال میں امام حسین علیہ السلام کی بیٹی فاطمہؑ نے اپنے بابا سے نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین ایسی صفات ہیں جس میں بھی ہوں اس کا ایمان مکمل ہے؛

۱) جب خوش ہو تو اس کو خوشی گناہ اور باطل کی طرف نہ لے جائے۔

۲) جب غصہ ہو جائے تو اس کو غصہ حق سے باہر نہ لے جائے۔

۳) جب قدرت تک پہنچ جائے تو کسی چیز کو اپنی قدرت میں ناحق نہ لے۔

60.الفردوس عن الحسين بن علی علیہ السلام عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ لا يَكونُ المُؤمِنُ مؤمِنا ولا يَستَكمِلُ الإيمانَ حَتّى يَكونَ فيهِ ثَلاثُ خِصالٍ: إقتِباسُ العِلمِ، وَالصَّبرُ عَلَى المَصائِبِ، ويَرفُقُ فِي المَعاشِ. وثَلاثُ خِصالٍ تَكونُ فِي المُنافِقِ: إذا حَدَّثَ كَذَبَ، وإذا وَعَدَ أخلَفَ، وإذا ائتُمِنَ خانَ[2]

۶۰) کتاب فردوس میں امام حسین علیہ السلام سے نقل ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی مومن اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا اور نہ ایمان مکمل ہوسکتا ہے جب تک تین خصوصیات نہ ہوں۔

۱) علم حاصل کرنا۔

۲) مشکلات پر صبر کرنا۔

۳) روزی کی تلاش میں میانہ روی اختیار کرنا۔

تین صفات منافق میں بھی ہیں:

۱) جب بولتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے۔

۲) وعدہ دے تو وفا نہ کرے۔

۳) جب امانت اس کے پاس رکھی جائے تو خیانت کرتا ہے۔

61.تحف العقول عن الإمام الحسين علیہ السلام: إنَّ المُؤمِنَ اتَّخَذَ اللهَ عِصمَتَهُ، وقَولَهُ مِرآتَهُ، فَمَرَّةً يَنظُرُ فى نَعتِ المُؤمِنينَ وتارَةً يَنظُرُ فى وَصفِ المُتَجَبِّرينَ، فَهُوَ مِنهُ فى لَطائِفَ، ومِن نَفسِهِ فى

---

[1] الفردوس: ج5 ص170 ح7854 وراجع: كنز العمّال: ج1 ص165 ح828 نقلاً عن أبي نعيم.

[2] الفردوس: ج۵ ص۱۷۰ ح۷۸۵۴ وراجع: كنز العمّال: ج۱ ص۱۶۵ ح۸۲۸ نقلاً عن أبي نعيم.

تَعارُفٍ، ومِن فِطنَتِهِ في يَقينٍ، ومِن قُدسِهِ عَلى تَمكينٍ[1]

٦١) تحف العقول میں امام حسین علیہ السلام سے ہے: مومن، خدا کو اپنی پناہ سمجھتا ہے اور اس کی بات کو اپنا آئینہ سمجھتا ہے۔ ایک مرتبہ (خدا کی بات میں) مومنین کی صفات کی طرف دیکھتا ہے اور دوسری مرتبہ متکبروں کی صفات کی طرف۔ اس سے اہم باتیں چنتا ہے خود کو معرفی کراتا ہے اور اپنی تیز ذہنی ہونے پر یقین کرتا ہے اور اپنی کمائی پر اعتماد رکھتا ہے۔

2/8

لا اِکراهَ فِي الدّينِ

دین میں زبردستی نہیں

62.التوحيد بإسناده عن الحسين بن عليّ عن أبيه عليّ بن أنّ المُسلِمينَ قالوا لِرَسولِ اللهِ ﷺ: لَو أكرَهتَ يا رَسولَ اللهِ مَن قَدَرتَ عَلَيهِ مِنَ النّاسِ عَلَى الإِسلامِ لَكَثُرَ عَدَدُنا وقَوينا عَلى عَدُوِّنا. فَقالَ رَسولُ اللهِ ﷺ: ما كُنتُ لِأَلقَى اللهَ عز و جلبِبِدعَةٍ لَم يُحدِث إلَيَّ فيها شَيئا، وما أنَا مِنَ المُتَكَلِّفينَ. فَأَنزَلَ اللهُ تَبارَكَ وتَعالى: يا مُحَمَّدُ «وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَآمَنَ مَن فِي الْأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيعًا»[2] عَلى سَبيلِ الإِلجاءِ وَالِاضطِرارِ فِي الدُّنيا كَما يُؤمِنونَ عِندَ المُعايَنَةِ ورُؤيَةِ البَأسِ فِي الآخِرَةِ، ولَو فَعَلتُ ذلِكَ بِهِم لَم يَستَحِقّوا مِنّي ثَوابا ولا مَدحا، لكِنّي اُريدُ مِنهُم أن يُؤمِنوا مُختارينَ غَيرَ مُضطَرّينَ لِيَستَحِقّوا مِنِّي الزُّلفى[3] وَالكَرامَةَ، ودَوامَ الخُلودِ في جَنَّةِ الخُلدِ «أَفَأَنتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتَّىٰ يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ»[4][5]

٦٢) کتاب التوحید میں ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے امام علی علیہ السلام سے نقل کیا: مسلمانوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

[1] تحف العقول: ص248، بحار الأنوار: ج78 ص119 ح15.
[2] يونس: 99.
[3] الزُلفى: القربة والمنزلة (الصحاح: ج4 ص1370 «زلف»).
[4] يونس: 99.
[5] التوحيد: ص 342 ح 11، عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 1 ص 135 ح 33، الاحتجاج: ج 2 ص 394 ح 302 كلّها عن أبي الصلت الهروي عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 5 ص 49 ح 80.

سے آ کر کہا: اے اللہ کے نبیؐ! اگر آپ کچھ لوگوں کو اسلام لانے پر مجبور کرتے ہیں تو ہماری تعداد زیادہ ہوجاتی اور اپنے دشمنوں کے مقابلے میں طاقتور ہوجاتے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں خدا سے اس بدعت کے ساتھ ملاقات نہیں کرنا چاہتا جو میرے حوالے نہیں کی گئی ہے اور میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو اپنی طرف سے بنی ہوئی چیز، کی خدا کی طرف نسبت دیتے ہیں۔ بس خدا نے نازل کیا ہے اے محمدؐ، اگر خدا چاہتا تو روئے زمین پر رہنے والے سب ایمان لے آتے۔

اسی دنیا میں زبردستی ایمان لائیں جس طرح آخرت میں مشکل اور ناامیدی سے ایمان لاتے ہیں اگر میں ایسے کرتا تو نہ میرے ثواب کے مستحق ہوتے اور نہ ہی تعریف کے بلکہ میں ان سے چاہتا ہوں کہ اپنے اختیار سے، نہ مجبوری سے، مجھ پر ایمان لے آئیں تاکہ میرے نزدیک ہونے اور میری کرامت اور ہمیشہ رہنے والی جنت کے حقدار بن جائیں کیا تم لوگوں کو مجبور کرتے ہو کہ مومن ہوجائیں؟

2/9

تَحرِيمُ القِياسِ فِي الدّينِ[1]

دین میں قیاس کرنا حرام ہے

63.التوحيد عن عكرمة عن الحسين عليه السلام: إنَّ مَن وَضَعَ دينَهُ عَلَى القِياسِ لَم يَزَلِ الدَّهرَ فِي الاِرتِماسِ[2]، مائِلاً عَنِ المِنهاجِ، ظاعِناً[3] فِي الاِعوِجاجِ، ضالّاً عَنِ السَّبيلِ، قائِلاً غَيرَ الجَميلِ[4]

٦٣) کتاب توحید میں عکرمہ نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے: جو بھی اپنے دین کی بنیاد قیاس پر رکھے تو وہ ہمیشہ اشتباہ اور غلطی میں ہوگا، اصلی راستے سے منہ موڑ کر غلط راستے کی طرف چلنے والا ہوگا۔ راستہ گم کیا ہے اور صحیح بات نہیں کہتا۔

---

[1] هو الحكم على موضوع بنفس الحكم الثابت لموضوع آخر بسبب التشابه بين الموضوعين، والجدير بالذكر إنّ القياس المنطقي مقبول في محلّه لكنّه لا علاقة له بالقياس الفقهي.

[2] هكذا في المصدر، وفي تاريخ دمشق وروضة الواعظين: «في الالتباس»، وهو الأنسب للسياق.

[3] ظَعَنَ: أي سار (الصحاح: ج6 ص2159 «ظعن»).

[4] التوحيد: ص80 ح35، روضة الواعظين: ص43، بحار الأنوار: ج2 ص302 ح35؛ تاريخ دمشق: ج14 ص183.

2/10

مِلاكُ التَّكليفِ

شرعی دشواری کا میزان

64. تحف العقول عن الإمام الحسين عليه السلام: ما أخَذَ اللهُ طاقَةَ أحَدٍ إلاّ وَضَعَ عَنهُ طاعَتَهُ، ولا أخَذَ قُدرَتَهُ إلاّ وَضَعَ عَنهُ كُلفَتَهُ[1]

۶۴) تحف العقول میں امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: خدا نے جب کسی سے طاقت لے لی تو اس سے اطاعت اور بندگی کو اٹھا دیا اور خدا نے اپنی طاقت نہیں اٹھائی سوائے اس کے کہ اس سے تکلیف کو اٹھا لیا۔

---

[1] تحف العقول: ص246، بحار الأنوار: ج78 ص117 ح4.

الفصل الثّالِثُ: القضاء والقدر

تیسری فصل: قضا اور قدر

3/1

وُجوبُ الإيمانِ بِالقَضاءِ وَالقَدَرِ

قضاء اور قدر پر ایمان واجب ہے

65. الفقه المنسوب إلى الإمام الرضا عليه السلام: قالَ العالِمُ عليه السلام: كَتَبَ الحَسَنُ بنُ أبِي الحَسَنِ البَصرِيُّ إلَى الحُسَينِ بنِ عَلِيِّ بنِ أبي طالِبٍ عليه السلام يَسأَلُهُ عَنِ القَدَرِ. فَكَتَبَ إلَيهِ: اِتَّبِع ما شَرَحتُ لَكَ فِي القَدَرِ مِمّا اُفضِيَ إلَينا أهلَ البَيتِ، فَإِنَّهُ مَن لَم يُؤمِن بِالقَدَرِ خَيرِهِ وشَرِّهِ فَقَد كَفَرَ، ومَن حَمَلَ المَعاصِيَ عَلَى اللهِ عز و جل فَقَد فَجَرَ وَافتَرى عَلَى اللهِ افتِراءً عَظيما. إنَّ اللهَ تَبارَكَ وتَعالى لا يُطاعُ بِإِكراهٍ، ولا يُعصى بِغَلَبَةٍ، ولا يُهمِلُ العِبادَ فِي الهَلَكَةِ، ولكِنَّهُ المالِكُ لِما مَلَّكَهُم، وَالقادِرُ لِما عَلَيهِ أقدَرَهُم؛ فَإِنِ ائتَمَروا بِالطّاعَةِ لَم يَكُن لَهُم صادّا عَنها مُبطِئا، وإنِ ائتَمَروا بِالمَعصِيَةِ فَشاءَ أن يَمُنَّ عَلَيهِم فَيَحولَ بَينَهُم وبَينَ مَا ائتَمَروا بِهِ فَعَلَ [1]، وإن لَم يَفعَل فَلَيسَ هُوَ حامِلَهُم عَلَيها [2] قَسرا، ولا كَلَّفَهُم جَبرا، [بَل] [3] بِتَمكينِهِ إيّاهُم بَعدَ إعذارِهِ وإنذارِهِ لَهُم وَاحتِجاجِهِ عَلَيهِم، طَوَّقَهُم ومَكَّنَهُم وجَعَلَ لَهُمُ السَّبيلَ إلى أخذِ ما إلَيهِ دَعاهُم، وتَركِ ما عَنهُ نَهاهُم، جَعَلَهُم مُستَطيعينَ لِأَخذِ ما أمَرَهُم بِهِ مِن شَيءٍ غَيرَ آخِذيهِ، ولِتَركِ ما نَهاهُم عَنهُ مِن شَيءٍ غَيرَ تارِكيهِ. وَالحَمدُ للهِ الَّذي جَعَلَ عِبادَهُ أقوِياءَ لِما أمَرَهُم بِهِ، يَنالونَ بِتِلكَ القُوَّةِ ونَهاهُم عَنهُ، وجَعَلَ العُذرَ لِمَن لَم يَجعَل لَهُ السَّبَبَ جَهدا مُتَقَبَّلاً [4]

---

[1] في المصدر: «فإن فعل»، والتصويب من بحار الأنوار.

[2] في المصدر: «عليهم»، والتصويب من بحار الأنوار.

[3] ما بين المعقوفين أثبتناه من بحار الأنوار.

[4] الفقه المنسوب للإمام الرضا عليه السلام: ص 408 ح 118، بحار الأنوار: ج 5 ص 123 ح 71.

٦٥) وہ فقہ جو امام علی رضاؑ کی طرف منسوب ہے اس میں آیا ہے کہ عالم (امام رضاؑ) نے فرمایا: حسن بن ابی حسن بصری نے امام حسین علیہ السلام کی طرف خط لکھا اور امامؑ سے قدر کے بارے میں پوچھا۔

